# 72314 - كرنسی پرنٹنگ كی ملازمت كا حكم

### سوال

ہمیں یہ تو علم ہے كہ بنك كی ملازمت كرنا حرام ہے، كیا حكومت كی كرنسی چھاپنے كے پرنٹنگ پریس میں ملازمت كرنا بھی حرام ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

كرانسی چھاپنے والے پریس میں ملازمت كرنے میں كوئی حرج نہیں اور نہ ہی اس كا سودی بنك كے معاملات سے كوئی تعلق ہے، لوگوں كو اس كرنسی كی ضرورت كسی پر مخفی نہیں، بلكہ اس وقت تو یہ كرنسی ان كی زندگی قائم ركھنے اور سدھارنے كا حكم ركھتی ہے، اور یہ كرانسی جاری كرنا تو ملك كی اقتصادی حالت مضبوط اور كمزور ہونے كے تابع ہے، اور كرنسی چھاپنے والے پریس اور بنك كا تعلق معاملات اور لین دین كا تعلق نہیں، بلكہ یہ تو احتیاطی قوت اور اقتصاد كے حساب سے محدود كرنسی چھاپنے كا حكم جاری كرنا ہے.

واللہ اعلم .